e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW روزنامہ
اودھ نامہ
avadhnama
Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 339 Saturday , September 12 2026 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر (۲۵) شمارہ نمبر (۳۳۹) لکھنؤ، بروز ہفتہ ۱۲-ستمبر ۲۰۲۶ء مطابق ۲۹ ربیع الاول ۱۴۴۸ھ صفحات -۸

### ہائی کورٹ سے ابھیشیک بنرجی کو راحت، ابھی خالی نہیں ہوگا دفتر

کولکاتا: کلکتہ ہائی کورٹ کی سنگل بنچ نے جمعہ کو مغربی بنگال فائر سروسز محکمے کے اس نوٹس پر عبوری روک لگا دی، جس میں ترنمول کانگریس (ٹی ایم سی) کے جنرل سکریٹری اور رکن پارلیمنٹ ابھیشیک بنرجی کے کولکاتا کے کیمک اسٹریٹ واقع دفتر کو فوری طور پر خالی کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ ہائی کورٹ سروسز محکمے نے 4 ستمبر کو دفتر خالی کرنے کا نوٹس جاری کیا تھا۔ محکمے کے مطابق کیمک اسٹریٹ کی عمارت کی ساتویں اور آٹھویں منزل پر واقع دفتر فائر سیفٹی کے ضوابط پر پورا نہیں اتر رہا تھا۔ نوٹس میں فائر سیفٹی سسٹم میں چھ طرح کی خامیوں کا حوالہ دیتے ہوئے 48 گھنٹے کے اندر تحریری جواب طلب کیا گیا تھا۔ اس کے بعد ترنمول کانگریس نے دفتر خالی کرنے کے نوٹس کو چیلنج کرتے ہوئے کلکتہ ہائی کورٹ سے رجوع کیا۔ معاملے کی سماعت جسٹس کرشنا راؤ کی سنگل بنچ کے سامنے ہوئی۔ سماعت کے اختتام پر عدالت نے دفتر خالی کرنے کے نوٹس پر 16 ستمبر تک عبوری روک لگا دی۔ عدالت اسی دن معاملے میں اپنا فیصلہ سنائے گی۔

### 'ندیاست تحفظ نہ دینے کا مودی حکومت کے فیصلے سے لداخ کے لیڈران مایوس'

نئی دہلی۔ (ایجنسی) مرکز کی مودی حکومت نے فی الحال لداخ کو ریاست یا اقتدار والے مرکز کے زیر انتظام خطہ کا درجہ دینے سے انکار کر دیا ہے۔ وزارت داخلہ نے لداخ کے لیڈران سے کہا ہے کہ آرٹیکل 371 کے مسودے سے پہلے لداخ کے مجوزہ سیاسی ڈھانچے سے متعلق 8 سے 10 اہم امور پر غور و خوض کریں اور ان پر اتفاق رائے تک پہنچیں۔ مرکز اور لداخ کی قیادت نے ایک ایسے منفرد ماڈل پر کام کرنے سے متعلق اتفاق کیا ہے جو ایک منتخب ادارے کو قانون سازی، انتظامی اور مالی اختیارات فراہم کرے گا۔ یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ مجوزہ انتظام لداخ کو ریاست کا درجہ بحال کرنے کے مترادف نہیں ہوگا۔ گزشتہ بدھ (9 ستمبر) کو نئی دہلی میں وزارت داخلہ کی ذیلی کمیٹی کی میٹنگ میں یہ بات سمجھی گئی۔ مرکز اور لداخ کے نمائندوں کے درمیان اگلی میٹنگ اکتوبر کے نصف اول میں ہوگی۔ اس بارے میں لداخ میں جمعرات کو ایک پریس کانفرنس میں چیف سکریٹری آشیش کندرا نے یہ اہم جانکاریاں دیں۔

## برکس فورم سے ٹرمپ کو دوٹوک

# ڈالر کے غلبے کو چیلنج، مقامی کرنسیوں میں تجارت پر زور

روسی صدر پوتن کا امریکہ اور یورپ پر طنز، کمزور ممالک خود کو جی-7 کیوں کہتے ہیں؟ □ وزیر اعظم مودی بولے برکس ممالک کی معیشت دنیا کی 40 فیصد جی ڈی پی پر مشتمل □ مقامی کرنسیوں میں تجارت کا دائرہ بڑھانے پر پیزشکیان کا زور



نئی دہلی۔ (ایجنسیاں) برکس بزنس فورم کے لیڈرس سیشن میں جمعہ کو ہندوستان کے وزیر اعظم نریندر مودی، روسی صدر ولادیمیر پوتن اور ایران کے صدر مسعود پیزشکیان نے عالمی تجارت، مقامی کرنسیوں کے استعمال اور بین الاقوامی مالیاتی نظام کے حوالے سے مشترکہ اور واضح موقف اختیار کیا۔ تینوں رہنماؤں نے برکس ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کو فروغ دینے، محفوظ تجارتی راستوں کو یقینی بنانے اور باہمی تجارت میں قومی و مقامی کرنسیوں کے استعمال کو وسیع کرنے پر زور دیا۔ یہ مشترکہ موقف ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ڈالر کے عالمی غلبے کو کم کرنے کی برکس ممالک کی کوششوں پر امریکہ کی جانب سے مسلسل تنقید کی جا رہی ہے۔ برکس بزنس فورم میں تینوں رہنماؤں کے بیانات سے یہ اشارہ ملا کہ ابھرتی ہوئی معیشتیں موجودہ عالمی مالیاتی نظام کے متبادل کو مضبوط بنانے اور باہمی تجارت کے لیے زیادہ خود مختار مالیاتی ڈھانچہ تیار کرنے کی سمت میں آگے بڑھ رہی ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی تجارت کو بلا رکاوٹ جاری رکھنے کے لیے محفوظ سمندری راستوں اور لچکدار سپلائی چین …

## روسی صدر پوتن سے ملے پی ایم مودی

معاشی، دفاعی، توانائی اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں تعاون پر ہوئی بات چیت




پی ایم مودی کی تین دن میں پوتن، جن پنگ، پیزشکیان سمیت متعدد ممالک کے رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں

## ریونیو خدمات میں بڑی ڈیجیٹل تبدیلی

# ای ڈبلیو ایس پورٹل، آسان کھتونی اور زمین کی تقسیم کا نیا پورٹل لانچ

### آسان کھتونی میں چھ اعشاریہ تک رقبہ درج ہوگا، درخواست اور دفعہ 116 کے تحت زمین کی تقسیم کے مقدمات کی آن لائن نگرانی و تصفیہ ممکن



## سہارنپور: مسجد انہدام معاملہ میں مسجد کمیٹی کو عدالت نے دی راحت

# 6.41 کروڑ کی وصولی پر روک، یوگی حکومت سے جوابی حلف نامہ طلب



## مہاراشٹر: بھنڈارا اور ناندیڑ میں سڑک حادثات نے 16 افراد کی لی جان

## ایران نے زوردار حملہ کر بحرین واقع امریکی فوجی اڈہ کو کیا تباہ




# افسوسناک صورتحال میں پہنچ چکا ہے ملک کا تعلیمی نظام

### 'پیپر لیک، بھاری فیس اور خستہ انفراسٹرکچر تعلیمی نظام کی ناکامی کی علامت'، راہل گاندھی کا مودی حکومت پر حملہ





